DIRECTORATE OF EDUCATION,GNCT OF DELHI

PRACTICE QUESTION PAPER

SESSION: 2024-25

CLASS: IX

SUBJECT: URDU- B (303)

Max Marks : 80 Time:3 Hrs

عام ہدایات:

(1) سبھی سوالات لازمی ہیں۔

(2) ہر سوال کے نمبر اس کے سامنے درج ہیں۔

(3) جواب تحریر کرتے وقت صفائی اور خوش خط کا خاص خیال رکھیں۔

حصّہ (الف ) عبارت فہمی اور شعر فہمی

سوال 1 مندرجہ ذیل غیر درسی (نثری ) اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالات کے متبادل جوابات میں صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ (1X5=5)

ڈاکٹر مختار احمد انصاری 25 دسمبر 1880 کو غازی پور (اتر پردیش ) میں پیدا ہوئے۔ وہ بچپن سے ہی ذہین اور محنتی تھے۔ ہندوستان میں تعلیم حاصل کرنے کے بعد انہوں نے برطانیہ کا سفر کیا اور وہاں ڈاکٹری کی تعلم مکمل کی۔ ہندوستان واپس آنے کے بعد ڈاکٹر انصاری عوام کی خدمت میں مصروف ہو گئے۔ کچھ عرصے بعد ترکی پر اسکے پڑوسی ملکوں نے حملہ کر دیا۔ ترکی کی حالت سن کر وہ بے چین ہو گئے۔ انہوں نے اپنے کچھ دوستوں کے ساتھ مل کر ایک جماعت بنائی اور جنگ کے زخمویں کے علاج کے لیے ترکی کا سفر کیا۔ مولانا شبلی نعمانی بھی اس جنگ سے بہت رنجیدہ تھے۔ جب لکھنو سے ٹرین روانہ ہوئی تو مولانا نے ڈاکٹر انصاری کے قدم چوم لیے اور رونے لگے۔ ترکی پہنچ کر ڈاکٹر انصاری اور ان کے دوستوں نے زخمیوں کی دل وجان سے خدمت کی۔

(i) ڈاکٹر مختار احمد انصاری کہاں پیدا ہوئے ؟

(A) بنارس میں

(B) اعظم گڑھ میں

(C) غازی پور میں

(D) جون پور میں

(ii) ڈاکٹر مختار احمد انصاری بچپن میں کیسے تھے؟

(A) دبلے پتلے

(B) موٹے تھے

(C) ذہین اور محنتی

(D) نہ زہین نہ محنتی

(iii) ڈاکٹر کی تعلیم حاصل کرنے کے لیے ڈاکٹر مختار احمد انصاری نے کہاں کا سفر کیا؟

(A) امریکہ کا

(B) برطانیہ کا

(C) آسٹریلیا کا

(D) جاپان کا

(iv) ترکی پر کس نے حملہ کیا؟

(A) اس کے پڑوسی ملکوں نے

(B) روس نے

(C) فرانس

(D) جاپان نے

(v) ترکی پہنچ کر ڈاکٹر انصاری اور ان کے دوستوں نے کیا کیا؟

(A) سیر و تفریح

(B) تجارت

(C) ملازمت

(D) زخمیوں کی دل وجان سے خدمت

یا

"میں نے کرشن چندر کے افسانے مختلف رسالوں میں پڑھے تھے۔ ان دنوں وہ ابھرتے ہوئے افسانہ نگار تھے۔ ولی ریڈیو پر ملازم ہو کر آئے تھے۔ پطرس بخاری کا زمانہ تھا۔ وہ ریڈیو کے اعلی افسر تھے۔ ان کے چھوٹے بھائی زیڈ۔ اے۔ بخاری بھی ریڈیو سے متعلق تھے۔ ان دونوں کا اس محکمہ پر اتنا اثر تھا کہ برٹش براڈکاسٹنگ کارپوریشن کی جگہ لوگ اسے بخاری برادرس کارپوریشن کہا کرتے تھے۔ ان کے زمانے میں سبھی اچھے لکھنے والے ریڈیو پر آ گئے تھے۔ خاص طور پر پنجاب کے لکھنے والے، ان میں سے گورنمنٹ کالج لاہور کے لڑکوں کو ترجیح دی جاتی تھی۔"

(i) درج بالا اقتباس کے مصنف نے کرشن چندر کے افسانے کہاں پڑھے تھے؟

(A) نصابی کتابوں میں

(B) غیر نصابی کتابوں میں

(C) تفریحی کتابوں میں

(D) مختلف رسالوں میں

(ii) کرشن چندر کے زمانے میں دلی ریڈیو پر ملازم ہو کر آے؟

(A) پطرس بخاری کے

(B) منشی پریم چند کے

(C) یوسف ظفر کے

(D) یوسف ناظم کے

(iii) ریڈیو کے اعلیٰ افسر کون تھے؟

(A) زیڈ ۔اے۔بخاری

(B) پطرس بخاری

(C) ن۔م۔راشد

(D) کرشن چندر

(iv) پطرس بخاری اور زیڈ۔اے۔بخاری کا آپس میں کیا رشتہ تھا؟

(A) باپ بیٹے کا

(B) چچا بھتیجے کا

(C) بھائی بھائی کا

(D) استاد شاگرد کا

(v) اس زمانے میں ریڈیو پر کس کو ترجیح دی جاتی تھی؟

(A) یوپی کے افسانہ نگاروں کو

(B) گورنمنٹ کالج لاہور کے طلبا کو

(C) نیی دہلی کے نوجوانوں کو

(D) پرانی دلی والوں کو

سوال 2۔مندرجہ ذیل غیر درسی (شعری) اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالات کے متبادل جوابات میں صحیح جواب کا انتخاب کیجیے (1x5=5)

کہتے ہیں اسے بچو ! یہ چیز بڑی معمولی ہے
لیکن اس پیسے کے پیچھے سب دنیا رستہ بھولی ہے
آج تمھیں اس پیسے کی ساری تاریخ سناتے ہیں
جتنے جگ اب تک بیتے ہیں ان سب کی جھلک دکھاتے ہیں
اک ایسا دور بھی تھا جگ میں جب اس پیسے کا نام نہ تھا
چزیں چزوں سے بکتی تھیں چیزوں کا کچھ دام نہ تھا

(i) کیا چیز بڑی معمولی ہے؟

(A) مٹی

(B) پیسہ

(C) ایمانداری

(D) انسانیت

(ii) پیسے کے پیچھے کون رستہ بھولی ہے؟

(A) انسانیت

(B) عورت

(C) دنیا

(D) تعلیم

(iii) شاعر پیسے کی کیا سنانے کی بات کر رہا ہے؟

(A) اہمیت

(B) جغرافیہ

(C) تاریخ

(D) آواز

(iv) جتنے جگ اب تک بیتے ہیں، ان سب کی ۔۔۔۔۔۔۔۔ دکھاتے ہیں؟

(A) جھلک

(B) فلم

(C) تصویر

(D) تاریخ

(v) پہلے چیزوں کا کیا نہ تھا؟

(A) نمبر

(B) خریدار

(C) دوکاندار

(D) دام

یا

کوئی بھی گھر ہو دوالی کے دیے جلتے تھے
عید بھر دیتی تھی سپنوں میں اجالے کیا کیا
رنگ ہولی کا ہر اک دل میں بکھر جاتا تھا
چہرے چہرے پر دمک اٹھتے تھے لالے کیا کیا
اجنبی ہاتھوں نے لکھی تھی جو تاریخ تیری
اس کو کیا نام دیں سوچی ہوئی تہمت کے سوا

(v)

(i) دیوالی کس کا تہوار ہے ؟

(A) ہندوؤں کا

(B) مسلمانوں کا

(C) سکھوں کا

(D) عیسائیوں کا

(ii) رنگوں کا تہوار کون سا ہے؟

(A) عید

(B) دیوالی

(C) ہولی

(D) کرسمس

(iii) عید بھر دیتی تھی سپنوں میں ۔۔۔۔۔۔ مصرع مکمل کیجیے۔

(A) لالے کیا کیا

(B) اجالے کیا کیا

(C) سہارے کیا کیا

(D) اندھیرے کیا کیا

(iv) اجنبی ہاتھوں سے کیا مراد ہے؟

(A) غیر ملکی

(B) دیسی

(C) اپنے ہی ملک کے

(D) پڑوسی ملک کے

(v) اس شعری اقتباس کا تعلق کس صنف سے ہے؟

(A) غزل

(B) نظم

(C) مثنوی

(D) قطعہ

سوال 3۔ مندرجہ ذیل غیر نثری (درسی) اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیے گیے متبادل جوابات میں صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔

(1x5=5)

"ایک روز مولا بخش مستی میں آ کر بے قابو ہو گیا۔ سیّد صاحب کو غافل پا کر اس نے انہیں سونڈ میں لپیٹ لیا۔ پھر اس نے ان کی ایک ٹانگ اپنے پاؤں کے نیچے داب کر اور ایک سونڈ میں پکڑ کر انہیں زندہ چیر ڈالا۔ سیّد صاحب کی بیوا کا ننھا سا بچہ دو ڈیڑھ برس کا اس کی گود میں رتھا۔ بیچاری خاوند کے غم میں روتی پیٹتی آئی اور اپنے بچے کو مولا بخش کے آگے ڈال کر کہا لے موئے اس کو بھی مار ڈال اس وقت تک مولا بخش کی مستی اتر چکی تھی۔ اس نے سونڈ سے بچے کو پکڑ کر اپنی گردن پر بٹھالیا۔ اس روز سے یہ بچہ مولا بخش کے ساتھ رہتا۔ بچے کے سامنے مولا بخش سے جو کہو فوراً کرتا اور جہاں یہ بچہ مولا بخش کی آنکھ سے اوجھل ہوا مولا بخش نے دنگا کرنا شروع کر دیا۔ اس بچے کا نام رحمت علی تھا۔"

(i) یہ عبارت کس سبق سے لی گی ہے؟

(A) بہادر شاہ کا ہاتھی

(B) نادان دوست

(C) احسان کا بدلہ احسان

(D) کہاوتوں کی کہانی

(ii) سیّد صاحب کو غافل پا کر مولا بخش نے کیا کیا؟

(A) انہیں پیٹھ پر بیٹھایا

(B) انہیں سونڈ میں لپیٹ لیا

(C) انہیں دوڑانے لگا

(D) انہیں زمین پر گرا دیا

(iii) سیّد صاحب کی بیگم نے بچے کو مولا بخش کے آگے ڈال کر کیا کیا؟

(A) لے موئے اس کو بھی مار ڈال

(B) اسے کھانا کھلا دے

(C) لے موئے اس کے ساتھ کھیل

(D) لے موئے اسے سلا دے

(iv) مولا بخش کیوں بے قابو ہو گیا؟

(A) پاگل پن میں آ کر

(B) مستی میں آ کر

(C) بھوک سے

(D) پیاس سے

(v) بچے کا کیا نام تھا؟

(A) برکت علی

(B) عشرت علی

(C) عزّت علی

(D) رحمت علی

سوال 4۔مندرجہ ذیل شعری (درسی) اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیے گیے متبادل جوابات میں صحیح جواب کا انتخاب کیجیے (1X5=5)

آیا ہے بہار کا زمانہ — کلیوں کے نکھار کا زمانہ
کلیاں کیا کیا چٹک رہی ہیں — ساری روشیں مہک رہی ہیں
ہلکی ہلکی یہ ان کی خوشبو — پھیلی ہوئی ہے چمن میں ہر سو
چڑیاں گاتی ہیں گیت پیارے — سنتے ہیں چمن میں پھول سارے
شاخوں کا بنا لیا ہے جھولا — پھولوں سے لدا ہوا ہے جھولا
کونپل ہر اک ہے کیسی پیاری — سبزی میں جھلک رہی ہے سرخی

(i) درج بالا اشعار کس نظم سے لیے گیے ہیں؟

(A) چھٹی کا دن

(B) بہادر بنو

(C) ایک پودا اور گھاس

(D) بہار کے دن

(ii) شاخوں کا جھولا کس نے بنا لیا ہے؟

(A) بندروں نے

(B) چڑیوں نے

(C) پھولوں نے

(D) گھاس نے

(iii) جھولا کس سے لدا ہوا ہے؟

(A) اوس سے

(B) پھولوں سے

(C) چڑیوں سے

(D) پتیوں سے

(iv) مصرعہ مکمل کیجیے..........

آیا ہے -----کا زمانہ

(A) خزاں

(B) نکھار

(C) بہار

(D) بخار

(v) اس شعری اقتباس کے شاعر کا نام کیا ہے؟

(A) حامد حسن قادری

(B) سورج نارائن مہر

(C) اسمٰعیل میرٹھی

(D) افسر میرٹھی

## حصہ ب : تحریری مہارت WRITING SKILL

سوال 5۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر 250 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ (10X1=10)

(i) میرے والدین

(ii) یوم اساتذہ

(iii) سفر کے حالات

سوال6۔ پرنسپل کے نام شادی میں جانے کے لیے دو دن چھٹی کی درخواست لکھیے۔ (5X1=5)

یا

دوست کو خط لکھ کر اپنی سال گرہ پر آنے کی دعوت دیجیے۔

سوال7۔ پریم چند کے حالات زندگی اور طرز تحریر پر ایک نوٹ لکھیے۔ (5X1=5)

یا

سبق احسان کا بدلہ احسان کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

سوال8۔ شاعر اختر شیرانی کی حالات زندگی اور ان کی شاعرانہ خصوصیات پر ایک نوٹ لکھیے۔ (5X1=5)

یا

نظم ایک پودا اور گھاس میں گھاس نے پودے سے کیا باتیں کیں؟ اپنی زبان میں لکھیے۔

## حصّہ ج عملی قواعد GRAMMAR

سوال 9 مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف آٹھ سوالات کے درست جواب تلاش کر کے لکھیے۔ (8X2=16)

(i)) کرسی، اسکول، کتاب اور قلم کس کی مثالیں ہیں؟

(A) اسم

(B) صفت

(C) فعل

(D) ضمیر

(ii) آرام کا متضاد ہے؟

(A) سکون

(B) اطمینان

(C) تکلیف

(D) حرام

(iii) پرندے کا واحد بتائے؟

(A) چرندہ

(B) پرندہ

(C) درندہ

(D) پرندوں

(iv) درج ذیل میں مونث کی پہچان کیجیے۔

(A) ہوا

(B) جہاز

(C) سانپ

(D) حال

(v) لفظ آرام کا مترادف بتائیے

(A) عیش

(B) تکلف

(C) فتح

(D) صلح

(vi) احکام کا واحد ہے؟

(A) حاکم

(B) حکمت

(C) محکوم

(D) حکم

(vii) لاحقہ والے لفظ کی پہچان کیجیے۔

(A) نیک

(B) آرام

(C) حق

(D) وفادار

(viii) چاند سا چہرہ یہ کس کی مثال ہے؟

(A) ضمیر کی

(B) تشبیہ کی

(C) صفت کی

(D) فعل کی

(ix) سابقہ والے لفظ کی پہچان کیجیے۔

(A) حکم

(B) بے وفا

(C) سفرنامہ

(D) وفادار

(x) نیچے لکھے ہوئے لفظوں میں جمع کی پہچان کیجیے۔

(A) پرندہ

(B) جنگل

(C) جھاڑیاں

(D) اونٹ

سوال 10۔ مندرجہ ذیل محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ (1X4=4)

جان میں جان آنا　　چہرے کا رنگ اڑ جانا　　آنکھ سے اوجھل ہونا　　بھیگی بلی بننا

## حصّہ د ادب LITRATURE

سوال11۔مندرجہ ذیل سوالوں کے جوابات لکھیے۔ (2X3=6)

(i) گھونسلے سے زمین پر انڈے کس نے اور کیوں گرا دیے

(ii) کنگارو کی غذا کیا ہے؟

(iii) دکاندار کو گھوڑے کے دام کس طرح وصول ہوئے؟

سوال 12۔مندرجہ ذیل سوالوں کے جوابات لکھیے۔ (1X2=2)

(i) شیاما اور کیشو کا ذکر کس سبق میں ملتا ہے؟

(ii) کہاوتوں کی کہانی میں کس کی کہانی بتائی گئی ہے؟

سوال13۔مندرجہ ذیل سوالوں کے جوابات لکھیے۔ (2X2=4)

(i) نظم ہندو مسلمان میں نا اتفاقی کو آزار جاں کیوں کہا گیا ہے؟

(ii) پودے نے گھاس کی شکایت کو بے جا کیوں کہا ہے؟

سوال14۔مندرجہ ذیل سوالوں کے جوابات لکھیے۔ (1X3=3)

(i) کامرانی کا راز کیا ہے؟

(ii) ایک لڑکی کا گیت نظم کے شاعر کون ہیں؟

(iii) 'پھینک دیتے ہیں مجھے جڑ کھود کر' یہ مصرع ایک پودا اور گھاس میں کس کے ذریعے ادا ہوا ہے؟